نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی غیر معیاری کھادوں کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری، تحصیل بصیر پور ضلع اوکاڑہ میں ہزاروں روپے مالیت کی غیر معیاری کھادوں کی فروخت میں ملوث افراد کے خلاف ایف آئی آر کا اندراج

لاہور: 09اپریل2023( ) سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید کی خصوصی ہدایات پر محکمہ زراعت کی جعلی زرعی ادویات کاروبار میں عناصر کے خلاف صوبہ بھر میں کاروائیاں کی جاری ہیں۔ایسے ہی ایک آپریشن کے دوران اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ نے خفیہ اطلاع ملنے پر موضع اڈہ پور پر چھاپہ مارا اور کاشتکاروں کو جعلی کھادوں کی فروخت میں ملوث افراد سے ڈی اے پی کھاد اور نائٹروفاس کے سیمپل لے کر لیبارٹری تجزیہ کے لئے بھجوائے جو کہ غیر معیاری ثابت ہونے پر تسلیم انجم، ذاکر سنیارا اور امانت ڈھڈی سے مبلغ 40 ہزار روپے مالیت کی غیر معیاری کھادیں قبضہ میں لے کر ایف آئی آر کا اندراج عمل میں لایا گیا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے مافیہ کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جا رہا ہے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دی جا رہی ہے۔حکومت پنجاب جعلی زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے اصول پر عمل پیرا ہے اور اس کاروبار کی بیخ کنی کیلئے تمام ممکنہ کاروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں۔اس ضمن میں محکمہ زراعت ٹھوس شواہد کی بنا پر ملزمان کے خلاف ہر سطح پر اپنی کاروائی جاری رکھے ہوئے ہے اور جعلی زرعی ادویات کے دھندے میں ملّوث افراد کو قانون کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ عوام جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف شکایات بذریعہ ایس ایم ایس/واٹس ایپ پر **0300-2955539** کر سکتے ہیں۔ایسے تمام عناصر کے خلاف اطلاع موصول ہونے کے 24 گھنٹے کے اندر کاروائی عمل میں لائی جاتی ہے

☆☆☆☆☆